**JAMIA NIZAMIA**
Shibligunj, Hyderabad - 500 064, T.S. INDIA
Phone: 040-24416847, 24576772
www.jamianizamia.org
fatwajamianizamia@yahoo.com

**الجامعة النظامية**
شبلی گنج، حیدرآباد۔ ۵۰۰۰۶۴، ٹی ایس۔الہند
فون نمبر: ۲۴۴۱۶۸۴۷_۲۴۵۷۶۷۷۲
www.jamianizamia.org
fatwajamianizamia@yahoo.com

# جامعہ نظامیہ میں سالانہ جلسہ تقسیم اسناد؛ عطائے خلعت وعرس شیخ الاسلامؒ

## 18 دسمبر کو علمی مذاکرہ ''اسلام اور جمہوریت''

حیدرآباد 8 دسمبر (پریس نوٹ) علوم اسلامیہ کی عظیم دینی درسگاہ جامعہ نظامیہ حیدرآباد کے زیراہتمام بموقع عرس شریف شیخ الاسلام عارف باللہ امام محمد انوار اللہ فاروقی قدس سرہ العزیز بانی جامعہ نظامیہ وجلسہ تقسیم اسناد؛ عطائے خلعت ودستار بندی فاضلین وحفاظ اتوار 18 ؍دسمبر کو 10 بجے دن علمی مذاکرہ بعنوان ''اسلام اور جمہوریت'' منعقد ہوگا۔ جس کی نگرانی مولانا سید شاہ علی اکبر نظام الدین حسینی صابری صاحب امیر جامعہ فرمائیں گے۔ مفکر اسلام مولانا مفتی خلیل احمد صاحب شیخ الجامعہ، جامعہ نظامیہ صدرات فرمائیں گے۔ مذاکرہ میں ذیلی عنوانات پر ممتاز اسکالرس علمی وتحقیقی مقالے جات پیش کریں گے۔ مولانا مفتی حافظ سید ضیاء الدین نقشبندی صاحب صاحب شیخ الفقہ ومفتی جامعہ نظامیہ بعنوان ''اسلام اور جمہوریت میں اظہار رائے کی آزادی...... حدود و قیود'' مولانا محمد انوار احمد صاحب، نائب شیخ التفسیر جامعہ نظامیہ بعنوان ''تحفظ ناموس رسالت اور جمہوری تقاضے'' مولانا حافظ سید واحد علی صاحب نائب شیخ الفقہ جامعہ نظامیہ بعنوان ''اسلام اور تصور جمہوریت'' اور مولانا حافظ شاہد ندیم صاحب استاذ جامعہ نظامیہ بعنوان ''مجوزہ یکساں سیول کوڈ اور اقلیتوں کا عائلی نظام'' اپنا ریسرچ ورک پیش کریں گے۔ ہفتہ 24 ؍دسمبر 2022ء کو بعد نماز عصر قران خوانی وچادر گل برمزار بانی جامعہ نظامیہ شیخ الاسلام عارف باللہ مولانا حافظ محمد انوار اللہ فاروقی قدس سرہ العزیز پیش کی جائے گی۔ بعد نماز مغرب جلسہ تقسیم اسناد؛ دستار بندی وعطائے خلعت بصدارت مولانا سید شاہ علی اکبر نظام الدین حسینی صابری صاحب امیر جامعہ نظامیہ منعقد ہوگا۔ مفکر اسلام حضرت مولانا مفتی خلیل احمد صاحب، شیخ الجامعہ جامعہ نظامیہ خطبہ استقبالیہ دیں گے، بزبان اردو، اور بزبان عربی، بزبان انگلش طلبہ جامعہ کی تقاریر ہوں گی۔ تذکرہ حضرت شیخ الاسلام بانی جامعہ نظامیہ مولانا حافظ محمد شبیر احمد صاحب نائب شیخ الحدیث جامعہ نظامیہ بیان فرمائیں گے۔ فاضلین جامعہ وحفاظ جامعہ کی خلعت دستار بندی بدست شیوخ جامعہ نظامیہ عمل میں آئے گی۔ تقسیم اسناد انعامات اور گولڈ میڈل بدست حضرت امیر جامعہ نظامیہ عمل میں آئے گی۔ سال حال جامعہ نظامیہ کے امتیازی کامیاب طلبہ اور کلیۃ البنات جامعہ نظامیہ کی امتیازی کامیاب طالبات کو گولڈ میڈل دئے جائیں گے۔ 25 ؍دسمبر 2022 کو بعد نماز عشاء طلبا جامعہ کے زیراہتمام نعتیہ ومنقبتی مشاعرہ منعقد ہوگا جس میں ممتاز مدعو شعراء کرام اپنا کلام پیش کریں گے۔ مولانا مفتی خلیل احمد صاحب شیخ الجامعہ ومعتمد جامعہ نظامیہ نے علماء کرام، مشائخ عظام طلبہ قدیم اور عامۃ المسلمین سے شرکت کی خواہش کی ہے۔

جناب ایڈیٹر صاحب السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

مذکورہ بالا پریس نوٹ اپنے موقر روزنامہ میں شائع فرماکر ممنون فرمائیں

معتمد جامعہ نظامیہ